
الادب المفرد

کتاب زندگی



حضرت امام بخاری رح

نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی

کتابِ زندگی

اردو ترجمہ

الادب المفرد

اُن احادیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و آثارِ صحابہؓ کا بیش بہا مجموعہ
جو تمام تر شخصی اخلاق، خاندانی تعلقات، انسانی حقوق، معاشرے اور
قومی فرائض سے متعلق ہیں
یہ کتاب ایک مسلمان مرد یا عورت کی اخلاقی زندگی کے لئے وہ سرچشمۂ ہدایت
ہے جو خود ہادیٔ عالم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال پر مشتمل
ہے، جسے دنیائے اسلام کے سب سے بڑے محدث حضرت امام بخاری رحؒ
نے جمع کر کے امتِ اسلامیہ کیلئے محفوظ کیا

مترجم
علامہ سید عبدالقدوس ہاشمی ندوی

از
حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ

نفیس اکیڈیمی

اسٹریچن روڈ۔ کراچی ۱ (پاکستان)

مالک
[illegible]

۹۹۔۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور

فون نمبر.......16076...

آفسٹ ایڈیشن

طبع دہم ـــــــ اپریل ۱۹۸۳ء
ضخامت ـــــــ ۳۶۸ صفحات
فون نمبر ـــــــ ۲۱۳۳۰۲

قیمت

مجلد معہ پلاسٹک کور ـــــــ روپے

طابع

نفیس اکیڈیمی آفسٹ پرنٹرز

کراچی، فون ۲۳۶۲۲

کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دعا تمہاری قبول کی جائے گی اگر جلدی نہ کرو اور یہ نہ کہو کہ دعا کی مگر قبول نہ ہوئی۔

حضرت ابوہریرہؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا تم میں سے کسی شخص کی دعا قبول کی جاتی ہے اگر وہ گناہ کی یا قطع رحم کی نہ ہو اور جلدی نہ کرے اور یہ نہ کہے کہ میں نے دعا کی مگر اب معلوم ہوتا ہے کہ قبول نہ ہوگی۔ پھر دعا کرنی چھوڑ دے۔

(۱۳) کاہلی سے اللہ کی پناہ چاہنا

عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے، اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں کسل (کاہلی) سے اور قرض داری سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں فتنہ مسیح الدجال سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں عذاب جہنم سے۔

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم زندگی اور موت کی برائی سے عذاب قبر سے، شر مسیح الدجال سے اللہ کی پناہ مانگتے تھے۔

(۱۴) جو اللہ سے مانگتا نہیں اس پر اللہ خفا ہوتا ہے

حضرت ابوہریرہؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا جو اللہ سے مانگتا نہیں اس پر اللہ تعالیٰ خفا ہوتا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے خدا سے کچھ مانگا نہیں اس سے اللہ خفا ہوتا ہے۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لہ اللھم انی اعوذبک من الکسل والمغرم واعوذبک من فتنۃ المسیح الدجال واعوذبک من عذاب النار

فرمایا۔ جب دعا کرو تو پورے عزم و ارادے سے کرو۔ یہ نہ کہو کہ اگر تیری مشیت ہو تو مجھے دے دے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کو مجبور کرنے والا کوئی نہیں۔

حضرت عثمان کہتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے ہر دن کی صبح کو اور ہر رات کی شام کو یہ کہا کہ اس اللہ کے نام سے ابتدا کرتا ہوں جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نہ زمین میں نقصان پہنچاتی ہے اور نہ آسمان میں اور وہ بڑا[1] سننے والا اور بڑا علم والا ہے۔ اس کو کوئی چیز کبھی نقصان نہیں پہنچاتی۔ ابوالزناد نے یہ حدیث حضرت عثمان کے فرزند ابان سے سنی۔ اُن کو فالج ہو گیا تھا۔ حدیث سنکر انہوں نے ابان کی طرف دیکھا تو وہ سمجھ گئے اور بولے 'میاں! حدیث تو وہی ہے جو میں نے تم سے بیان کی۔ لیکن جس جس دن مجھ پر فالج آیا اسی دن میں نے یہ دعا نہ کہی تاکہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی تقدیر جاری ہو کے رہے۔

(۱۵) جہاد فی سبیل اللہ میں صف بندی کے وقت دعا کرنا

حضرت سہل بن سعد کہتے ہیں کہ دو وقت وہ ہوتے ہیں جب کہ آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ ان اوقات میں بہت ہی کم دعائیں ایسی ہوتی ہیں جو قبول نہ ہو جائیں ایک وہ وقت جب جہاد کی ندا پر لوگ حاضر ہوں اور دوسرا وہ وقت جب کہ اللہ کی راہ میں صف بندی ہو۔

(۱۶) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں

حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے تھے۔ اے[2] اللہ میں تجھ سے غنا مانگتا ہوں اور اس کے مالک (اللہ) نے انہیں غنا بھی عطا کر دیا تھا۔

---

[1] بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیٔ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

[2] اللّٰھم انی اسالک غنا و غنا مولاہ